RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۳	روز دوشنبہ تاریخ ۶ جون سنہ ۱۸۹۲ء مطابق ۱۰ ذیقعد سنہ ۱۳۰۹ھ	نمبر ۲۳

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
	حکم اجلاس کامل	
۱	مسودہ کی تحریر متعدد قیدیان جیل	۱و۲
	حکم صاحب پریذیڈنٹ بہادر	
۲	رخصت مولوی محمد مظہر احمد صاحب	۲
	روبکارات صاحب پریذیڈنٹ بہادر	
۳	اضافہ [illegible]	۲
۴	دربارہ انعام گرفتاری [illegible] علی شاہ	۲و۳
۵	انعام گرفتاری [illegible] علی	۳
	روبکارات جوڈیشل ممبر بہادر	
۶	دربارہ [illegible]	۳

نمبر	نام مضمون	صفحہ
۷	دربارہ صفائی نالیان وغیرہ	۳و۴
۸	[illegible]	۴
۹	[illegible]	۴و۵
۱۰	[illegible]	۵
۱۱	[illegible]	ضمیمہ
۱۲	[illegible]	ضمیمہ
۱۳	[illegible]	ضمیمہ
۱۴و۱۵	[illegible]	ضمیمہ
۱۶	[illegible]	

حکم اجلاس کامل واقعہ ۲۳ مئی سنہ ۱۸۹۲ء

صاحب پریذیڈنٹ بہادر نے تحریک پیش کی کہ جیلخانہ رامپور میں بکثرت متعدد تہواروں میں قیدیوں کے احباب وغیرہ آکر ملاقات کرجایا کرتے ہیں اسمیں ایک خاص قاعدہ مقرر ہونا مناسب ہے۔ بعد غور نظر بحالات انتظامی کونسل سے بالاتفاق تجویز ہوا کہ بکثرت متعدد تہواروں میں قیدیوں کی ملاقات کی نسبت ممانعت کیجاوے

البتہ سال میں حسب ذیل

۱- عیدین میں مسلمان قیدیوں کے اعزا و احباب انسے ملاقات کر سکینگے

اور

۲- جو لوگ دو مہرے میں محبوس قیدیوں کے اعزا اور احباب انسے ملاقات کر سکینگے باقی اور کسی تیسرے کو اجازت نہیں ہے —

روبکار بخدمت صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے برائے اجرائے احکام مرسل ہو اور درج گزٹ کرائی جاوے —

علاوہ تیوہاروں کے بند جیل بضرورت خاص بعد دینے عرضی ایک میعاد کا تک ہفتہ میں ایک مرتبہ بوجہ جیلر قیدی کے دوست اعزا اوس سے ملاقات کر سکینگے —

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر

احکام ضابطہ بذریعہ صاحب سپرنٹنڈنٹ جیل بھیجے جاویں — اور حکم اجلاس کامل بانداج گزٹ شایع کیا جاوے — ۶ جون ۱۸۹۲ء

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۲۶ مئی ۱۸۹۲ء

یادداشت مولوی محمد مظہر اللہ صاحب مولف قانون مع درخواست منظوری رخصت پندرہ یوم بغرض روانگی لکھنؤ ملاحظہ ہوکر رخصت مطلوبہ منظور ہوئی —

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں —

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر

واقع ۳۰ مئی سنہ ۱۸۹۲ء

بملاحظہ یادداشت مسٹر صاحب بہادر بوجہ لیاقت و مستعدی کسان ذیل کا حسب ذیل اضافہ کیا گیا —

۱- چوبے بھولا ناتھ ڈپٹی انسپکٹر مدارس — ماہواری
۲- عبد العلی خان مدرس ٹینٹی —
۳- علی رضا خان ماسٹر شاہ آباد —
۴- محمد علی خان مدرس ٹمریا —
۵- حکیم حسین مدرس بھوٹی —
۶- حاجی بیگم ملانی مدرسہ نسوان پٹوار —
۷- نبو بیگم ملانی محلہ گھیر نتھو خان —
۸- بہادر لال ہیڈ ماسٹر کہاٹہ —
۹- اکمل علی مدرس محمد نگر کلان —

احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو —

روبکار اجلاس ایضاً — واقع ۳ جون سنہ ۱۸۹۲ء

مسمی نظر علی شاہ فقیر مقید مقدمہ زنا بالجبر مسماۃ سکینہ عمر ۸ سال مجرم دفعہ ۳۷۶ تعزیرات ہند مفرور ہے باوجود تلاش دستیاب نہیں ہوا رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس بہادر سے مناسب ہے کہ نام بدوں اشتہار گرفتاری دو سو روپیہ جاری کیا جاوے جس شخص کے ذریعہ مسمی نظر علی شاہ مذکور جسکا حلیہ ذیل میں درج ہے گرفتار ہوگا اوسکو یہ انعام کونسل آف ریجنسی سے ملیگا —

حلیہ نظر علی شاہ مفرور

نظر علی شاہ ولد ... قوم ... عمر ... ساکن ... محلہ ... مسجد ... نوالانگ ...

جسم اکہرا و متوسط قد فربہ گندم گوں چہرہ داڑھی تخمیناً پانچ ساڑھے انگل تمام سر کے بال کھچڑی گردن عمر تخمیناً تیس سال سفید انگرکھا پہنے ہوئے اور سر پر بانات کی ٹوپی ہوئے آنکھیں بڑی بڑی ۔

حکم ہوا کہ

حکم درج گزٹ ہو اور دو سو قطعہ اشتہار سررشتہ دار صدر چھپوا کر بمعرفت صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس تقسیم و مشتہر کرا دیں ایک اشتہار اخبار رامپور میں بھی شائع کرایا جاوے صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس مطلع ہوں ۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲ جون [illegible]

سید مہربان علی بجرم استحصال بالجبر عرصہ سے مفرور ہے اور اب تک باوجود تلاش حاضر نہیں ہوا رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس ملاحظہ شامل روبکار ہذا ہے مناسب ہے کہ نامبردہ کا اشتہار گرفتاری دو سو روپیہ جاری کیا جاوے جس شخص کے ذریعہ سے سید مہربان علی جس کا حلیہ ذیل میں درج ہے گرفتار ہو جاویگا اوسکو یہ انعام کونسل آف ریجنسی سے ملے گا ۔

حلیہ سید مہربان علی مفرور

سید مہربان علی ولد سید قربان علی باشندہ مراد آباد محلہ مغلپورہ سانولا رنگ فراخ پیشانی کشادہ ابرو بلند بینی لانبا چہرہ کم اندام عمر تخمیناً پچپن سال چھوٹی آنکھ قد ۵ فٹ ۵ انچہ تخمیناً ۔

حکم ہوا کہ

حکم درج گزٹ ہو اور دو سو قطعہ اشتہار سررشتہ دار صدر چھپوا کر بمعرفت صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس تقسیم و مشتہر کرا دیں ایک اشتہار اخبار رامپور میں بھی شائع کرایا جاوے صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس مطلع ہوں ۔

روبکار اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۳ مئی [illegible]

منشی صاحب عدالت فوجداری لکھتے ہیں کہ اس عدالت سے جب کبھی متعلقہ نیلام جانوران ملکیت سرکار متعلقہ حاکم وہاں صفائی کا مسئلہ پیش آتا ہے تو بہت بڑی دقت پیش ہوتی ہے ثبوت ملکیت سرکار کے اس امر کے جانوران آخر کو والدہ بیت کی جاتی ہیں بہتر ہے کہ شناخت کے واسطے ایسے جانوران ملکیت سرکار کے لئے کچھ علامت و نشان کا ہونا ضرور ہے جس سے یہ دقتیں مرتفع ہو جاویں اسسٹنٹ ممبر صاحبان اس مسئلہ کے متعلق یہ رائے دیتے ہیں کہ جو جینس ملکیت سرکار صیغہ صفائی ہیں وہ بغیر اجازت انگریزی نیلام نہیں ہو سکتا اور جس طرح رجمنٹ میں اسپان سواران داغ ہوا کرتے ہیں اسی طرح جانوران سرکاری صیغہ صفائی کا داغ ہونا بھی ضرور ہے ۔ نظر بران ـــــ

حکم ہوا کہ

تجویز مصرحہ بالا اسسٹنٹ ممبر صاحبان منظور ہے روبکار ہذا اطلاعاً درج گزٹ ہو فقط

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۳ جون [illegible]

آجکل شدت گرمی وغیرہ اسباب ۔ فصل ایسی یکجا ہوئے ہیں کہ وبائی امراض پھیلنے کا اندیشہ غالب ہے صفائی شہر کی طرف پوری سرگرمی سے توجہ ہونی لازم ہے سڑکیں کوچے گلیاں نالیاں اور چہ بچے ہر وقت صاف رکھے جائیں اسکی ضرورت ہے ۔

حکم ہوا کہ

بہ ترسیل نقل روبکار ہذا صاحب مجسٹریٹ کو لکھا جاوے کہ وہ بھی ذاتی

از وجہ ہے صفائی شہر میں اہتمام بلیغ کرین گے اور صفائی اور نیز افسران نگہبان کارکنان صفائی پر تاکید اکید کرین کہ انہوں اپنے متعلقہ خدمات صفائی و گشت و نگرانی نہایت مستعدی کی انجام دین - صاحب مجسٹریٹ خود بھی بتعین نیز بلا تعین اوقات ملاحظہ شہر کرینگے جسمین تغیر پائین کافی طور پر تنبیہ کرین ہم بھی وقتاً فوقتاً ملاحظہ کیا کرینگے اور جسکی طرف سے تعمیل مین کمی پائینگے اوسکا تدارک جرمانہ و تنزل و برطرفی کے علاوہ اور بھی سخت بحیثیت جرم کیا جائیگا ایک نقل اسکی بغرض عام اطلاع و تعمیل گزٹ مین بھی مشتہر کیجائے

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر مثبتہ یادداشت صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ

واقع ۲۵ - مئی ۱۸۹۲ء

مناسب ہے بنابر تعمیل بغرض اندراج گزٹ ایک نقل اسکی مطبع کو بھیجی جائے

یادداشت منشی نندکشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ

نقل اقتباس مشمولہ روزنامچہ تہانہ کیمری واقع ۵ فروری ۱۸۹۲ء ع

اس مضمون سے کہ تہا قصاب باشندہ کیمری بکرا اس بدحیثیت لگنے ہو رہا نہایت ضعیف العمر و لاغر کہ گو رہی چلا کرتی تہی واسطے ذبح کرانیکے سٹیشن میں لایا - نامبردہ کو ممانعت کردی گئی کہ ایسے کہا سند سے احتمال بیماری کا ہے ذبح مت کرنا - چنانچہ نامبردہ نے راس کو موضع بہٹ پورہ ماران علاقہ ہذا میں ذبح کرکے فروخت کرڈالا اور جیسی کریم بخش چوکیدار نے دکہلادی - برآن تہانہ سے کیفیت اس امر کی کہ کبہی اس قسم کے حیوانات حکمیہ ڈاکٹر کو دکہائی جاتی ہیں یا نہیں - دریافت کیگئی - اوسکے جواب مین سپاہی کیمری نے لکہا کہ ایسی ہیبت ڈاکٹر کو یا حکیم کو کبہی نہیں دکہائی گئی ہے - چونکہ راس لاغر و ضعیف العمر بلا معائنہ ڈاکٹر یا حکیم کے تہا قصاب نے ذبح کرکے گوشت اوسکا فروخت بازار بہٹ پورہ ماران مین کرڈالا - عدالت سے آمر تحقیقات کردیگئی مگر عدالت کے نزدیک مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ذریعہ تہانہ جات علاقہ بنظر رفاہ عام و ہر شخص بعد اندراج گزٹ سرکاری منادی کرادیجاوے کہ اگر کوئی شخص راس لاغر و بیمار بلا تحریر چٹہی و اطلاع سرکار بطور خود اگر ذبح کریگا تو وہ ملزم دفعہ ۲۶۹ تعزیرات ہند کا قرار دیا جاویگا - لہذا یادداشت ہذا بغرض اندراج و نیز واسطے اطلاع باجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہوتی ہے

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر واقعہ ۷ مئی ۱۸۹۲ء مثبتہ رپورٹ نائب تحصیلدار بلاسپور

علاقہ تحصیل میں یہ کارروائی محض بیقاعدہ اور ناجائز ہے کہ مستاجر یا کاشتکار کسیکو بلا اجازت ریاست کے باغ لگانے کا اختیار نہیں تعمیل رپورٹ کا حکم ہے و تحصیلدار بلاسپور بذریعہ حکم ہذا تحصیلداران کے پاس بہیجکر کہا جائے کہ جملہ پٹواریان اونکو مطلع کرین کہ جو باغات بلا حکم لگائے گئے ہیں اونکی بابتہ موضع وار رپورٹ کرین اور آئندہ جب کوئی شخص بلا حصول اجازت باغ لگادے تو اوسکی رپورٹ فوراً کیا کرین اگر کسی موقع پر ایسا پایا جاویگا کہ بلا حکم باغ لگایا گیا ہے اور اوسکی اطلاع پٹواری نے قانون گو سے نہیں کی ہے تو سخت بازپرس کیجاوے گی ایک نقل واسطے طبع گزٹ کے مطبع سرکار کو مرسل ہو

جناب عالی

اجمالی رپورٹ حسب حکم قانون گو سے کرا کر حلقہ نہر تحصیل مستاجران حسب حکم صاحب دربارہ کارروائی نصب باغات بہ کشت ہائے نقشی علاقہ قدیم ارسال حضور ہے زیادہ حد ادب۔ معروضہ ۱۵ مئی ۱۸۹۲ء

جناب عالی

بروقت دورہ علاقہ قدیم تحصیل ہذا اور پڑتال کا موقع ہوا معلوم ہوا کہ بعض بعض کاشتکاران نے کھیت ہائے نقشی خود ہی بلا اجازت مستاجر دیہہ باغ نصب کر لیا ہے اور کرتے رہتے ہین صرف لگان اوسکا بلا کسی قسم اضافہ یا کمی کے وہ یا اوسکے وارث ادا کرتے رہتے ہین اور اراضی رقبہ باغ سکا کوئی اطلاع اسکی نہین ہوتی ہے نہ حکم حاصل کیا جاتا ہے اور صاحب درختان ثمر سے نفع حاصل کرتے رہتے ہین چونکہ یہ امر اختیاری کاشتکاران و مستاجران معلوم ہوتا ہے اور باہم مستاجران و سرکار کے بظاہر اسکا کوئی معاہدہ بھی نہین ہے سوائے اسکے ایک نقصان یہی ہے کہ زمین متصلہ اطراف باغ مین بوجہ سایہ کے زراعت اچھی نہین ہوتی ہے لہذا رپورٹ ہذا بغرض اطلاع و انتظار پیش کرتا ہون اور ہدایت خواہ ہون کہ جو ایسے باغ نصب اور پرورش ہو گئے ہین اونکی رپورٹ کیجاوے یا کیا اور جو جدید نصب ہو رہے ہین کہ اونکا عدم وجود برابر ہے کیا کارروائی کیجاوے زیادہ حد ادب معروضہ ۱۵ مئی ۱۸۹۲ء

حکم صاحب چیف انجینیر بہادر

پٹری نہر پر چلانے گاڑی کی کسیکو اجازت نہین ہے احکام اطلاعی بنام تحصیلداران وغیرہ جاری ہون اور ڈپٹی صاحب نہر کو بھی بسبیل نقل حکم اطلاع دیجاوے کہ ملازمان نہر کو بھی ہدایت کر دیوین کہ جو کوئی گاڑی دیکھین تھانہ یا تحصیل مین جو جگہ قریب ہو گرفتار کرا دین ایک نقل برائے طبع گزٹ پاس سررشتہ دار صاحب صدر بھیجی جاوے ۲۶ مئی ۱۸۹۲ء

روبکار اجلاس صاحب مجسٹریٹ بہادر انہار

واقع ۲۳ مئی ۱۸۹۲ء

بتقریب دورہ نہر بہا ملاحظہ سے گزرا کہ ملازمان تحصیل و پولیس گاڑیان باربرداری پٹری نہر پر چلاتے ہین جس سے حالت پٹری کی سب خراب ہو گئی ہے اور ہمنے خود ایک گاڑی کو جو ملازمان پولیس کی تھی چلتے دیکھا اگر وغیرہ چلی جاوے تو کچھ ہرج نہین مگر بھری گاڑی چلانے مین پٹری کو نقصان پہونچتا ہے لہذا حکم ہوا کہ بقید روبکار بخدمت صاحب چیف انجینیر بہادر گزارش کیا جاوے کہ اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر سے ملازمان تحصیل و پولیس کو ممانعت فرمائی جاوے کہ پٹری نہر پر گاڑی نہ چلائی جاوے

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

مطبوعہ ۲۶ جون ۱۸۹۲ء

روبکار اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقعہ ۱۹ مئی ۱۸۹۲ء

بمقدمہ

ملاحظہ گوشوارہ مریضان دوا یافتہ شفاخانجات شہر بابت ماہ اپریل ۱۸۹۲ء

آج صاحب جوڈیشل اسسٹنٹ نے گوشوارہ مقدمہ صدر حسب معمول پیش کیا جسکے ملاحظہ سے واضح ہے کہ اس مہینے میں مریضان جدید شہر کی تعداد اوسط الیسا ہے جسکا اوسط فی ہزار آبادی شہر (۱۰۹ء۰) اور بحساب فیصدی (۱۰۹ء۱) ہوتا ہے ماہ گذشتہ میں اوسط سے فی ہزار (۵ء۳۴) اور بحساب فیصدی (۳۴ء۲) تھا اس مہینے میں بہ نسبت ماہ گذشتہ (۳۴ء۷) فی ہزار کی کمی ہے۔

حکم ہوا کہ

نقل اسکی مع گوشوارہ مطبع سرکاری کو بنابر اندراج گزٹ بھیجی جاوے اصل دفتر میں رہے۔ فقط

[illegible signature]

گوشوارہ مریضان دوا یافتہ شفاخانجات شہر رامپور بابت ماہ اپریل ۱۸۹۲ء

نمبر شمار	نام شفاخانہ	[illegible]	مریضان قدیم: ہنود	مریضان قدیم: مسلمان	مریضان قدیم: میزان	مریضان جدید: ہنود	مریضان جدید: مسلمان	مریضان جدید: میزان	مریضان قدیم وجدید: ہنود	مریضان قدیم وجدید: مسلمان	مریضان قدیم وجدید: میزان	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷
۱	شفاخانہ انگریزی صدر	شہر	۶۳	۱۲۱	۱۸۴	۵۸۲	۲۱۸۰	۲۷۶۲	۶۴۵	۲۳۰۱	۲۹۴۶	۰	۲۶۶	۲۶۸۰	۰	
		دیہات	۲	۳	۵	۱۲۲	۱۴۶	۲۶۸	۱۲۴	۱۴۹	۲۷۳	۰	۲۴	۲۴۹	۰	
		میزان	۶۵	۱۲۴	۱۸۹	۷۰۴	۲۳۲۶	۳۰۳۰	۷۶۹	۲۴۵۰	۳۲۱۹	۰	۲۹۰	۲۹۲۹	۲۲۳۰	
۲	〃 پنج مستقل	شہر	۴۴	۶۰	۱۰۴	۳۵۱	۱۸۸۰	۲۲۳۱	۴۸۵	۱۸۵۰	۲۳۳۵	۰	۳۵	۲۳۰۰	۰	
		دیہات	۰	۱	۱	۵۱	۷۳	۱۲۴	۵۱	۷۴	۱۲۵	۰	۸	۱۱۷	۰	
		میزان	۴۴	۶۱	۱۰۵	۵۰۲	۱۸۵۳	۲۳۵۵	۵۳۶	۱۹۲۴	۲۴۶۰	۰	۴۳	۲۴۱۷	۵۴۷۶	
۳	〃 یونانی صدر	شہر	۲۳	۱۳۸	۱۶۱	۲۴۵	۲۰۸۶	۲۳۳۱	۲۶۸	۲۲۲۴	۲۴۹۲	۰	۸۰۸	۱۶۸۴	۰	
		دیہات	۱۰	۱۴	۲۴	۳۵	۸۶	۱۲۱	۴۵	۱۰۰	۱۴۵	۰	۲۴	۱۲۱	۰	
		میزان	۳۳	۱۵۲	۱۸۵	۲۸۰	۲۱۷۲	۲۴۵۲	۳۱۳	۲۳۲۴	۲۶۳۷	۰	۸۳۲	۱۸۰۵	۹۱۳۱	
۴	〃 پنج مستقل	شہر	۱۳	۶۸	۸۱	۹۵	۸۶۱	۹۵۶	۱۰۸	۹۲۹	۱۰۳۷	۰	۱۱	۱۰۲۶	۰	
		دیہات	۰	۰	۰	۵	۱۰	۱۵	۵	۱۰	۱۵	۰	۰	۱۵	۰	
		میزان	۱۳	۶۸	۸۱	۱۰۰	۸۷۱	۹۷۱	۱۱۳	۹۳۹	۱۰۵۲	۰	۱۱	۱۰۴۱	۲۶۶۷	
میزان	الکوشش	شہر	۱۴۳	۳۸۷	۵۳۰	۱۲۷۳	۷۰۰۷	۸۲۸۰	۱۵۰۶	۷۳۰۴	۸۸۱۰	۰	۱۱۲۰	۷۶۹۰	۰	
		دیہات	۱۲	۱۸	۳۰	۲۱۳	۳۱۵	۵۲۸	۲۲۵	۳۳۳	۵۵۸	۰	۵۶	۵۰۲	۰	
		میزان	۱۵۵	۴۰۵	۵۶۰	۱۴۸۶	۷۳۲۲	۸۸۰۸	۱۷۳۱	۷۶۳۷	۹۳۶۸	۰	۱۱۷۶	۸۱۹۲	۲۳۰۲۴	

مطبوعہ [illegible]

روبکار اجلاس نواب [illegible] جوڈیشل ممبر بہادر واقع [illegible]

مقدمہ

بملاحظہ نقشہ سہ ماہی مقدمات عدالتہای دیوانی ریاست رامپور بابت ابتدای جنوری لغایت مارچ [illegible]

صاحب تحصیل [illegible] نے نقشہ [illegible] پیش کیا اور بیان کیا کہ اس ماہی [illegible] تحصیل ٹانڈہ کا نقشہ غلط آیا تھا جو بواپسی درست کرایا گیا۔

[illegible] کہ اس سہ ماہی [illegible] (۲۰۳) روز تعطیلات معمولی و غیر معمولی کے (۳۹) روز اجلاس [illegible] عدالت [illegible] رامپور کے ہر اجلاس میں [illegible] (۲۰) مقدمات کا فیصلہ بعد بحث کیا (۳۳۰) گواہ جو سنے گئے ان کا اوسط فی مقدمہ (۱۱) ہے اور اوسط روزانہ (۹) ہے۔ مقدمات باقی [illegible] حساب اوسط فیصلہ کی (۱۳) جو مناسب ہے۔

البتہ خفیفہ نے ہر اجلاس میں بروے اوسط (۵) مقدمات کا فیصلہ بعد بحث کیا (۱) گواہ جو سنے گئے ان کا اوسط فی مقدمہ (۱) اور اوسط روزانہ (۱) ہے مقدمات باقی [illegible] بحساب فیصلہ کی (۳) جو مناسب ہے۔

[illegible] تحصیلات [illegible] سے زیادہ گواہ حضور تحصیل اور سوار میں سنے گئے اور ٹانڈہ میں بالکل نہیں سنے گئے اور دوران مقدمات منفصلہ بعد بحث و بلا بحث [illegible] کا سب سے کم حضور تحصیل اور سب سے زیادہ ملک کا اور اوسط دوران مقدمات [illegible] بلا بحث سب سے کم شاہ آباد [illegible] بلاسپور اور سب سے زیادہ حضور تحصیل میں ہے۔ مقدمات باقی [illegible] بحساب اوسط [illegible] شاہ آباد میں [illegible] تحصیل [illegible] بلاسپور [illegible] ٹانڈہ [illegible] حضور تحصیل [illegible] علی ترتیب ہے۔

حکم ہوا کہ۔

ایک نقل حکم معہ نقشہ متعلقہ بنا بر اطلاع عام واسطے اندراج گزٹ کے مطبع سرکار کو مرسل ہو نقل دوم [illegible] کو اصل [illegible] ہے۔ [illegible]

نقشہ سہ ماہی متضمن حال تجاویز مقدمات عدالتہای دیوانی ریاست رامپور ابتدای جنوری لغایت مارچ [illegible]

نمبر شمار	نام عدالت	تعداد مقدمات [illegible]	فیصلہ					باقی			اوسط دوران		[illegible]	کیفیت
			[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		
١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	١١	١٢	١٣	١٤	١٥
١	صدر [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	١٣	٧ یوم	٢٠	[illegible]	
٢	عدالت خفیفہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	٣	٦ یوم	١٣ یوم	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	٧	٧	[illegible]	
٣	شاہ آباد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	٠	٠	١١ یوم	٢٠ یوم	[illegible]	
٤	حضور تحصیل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	٣	١٥	١٣	[illegible]	
٥	بلاسپور	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	١٩	١١	٢٥	[illegible]	
٦	ملک	[illegible]	٠	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	١٧	١٢	٣٦	[illegible]	
٧	سوار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	٣١	١٩	[illegible]	[illegible]	
٨	ٹانڈہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	١٣	٢١	٠	٠	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
میزان کل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	١٠١٥	١١	١٨	[illegible]	

مطبوعہ مطبع سرکاری [illegible] ریاست رامپور

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۹ مئی ۱۸۹۲ء

ہر ایک دفعہ کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ ضلع کو بھیجی جاوے اور اصل بغرض تعمیل واپس [illegible]

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل شاہ آباد منعقدہ ۵ مئی ۱۸۹۲ء

منشی محمد شیر زمان خان صاحب تحصیلدار صدر نشین کمیٹی

منشی ولی مظفر خان صاحب سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

منشی محمد شفیع صاحب عرائض نویس

مولوی نیاز علی صاحب محرر صفائی

غیر ملازمین

چوبے پرمانند صاحب — ممبر

محمد شیر خان صاحب — ممبر

لالہ خیالی رام صاحب — ممبر

امور تصفیہ طلب

(۱) رحیم بخش پدھان ساکن شاہ آباد نے متصل مسجد قاضی ایک احاطہ بلا اجازت سرکار کھچوایا۔ اور اسکے دروازہ کے سامنے ایک سڑک [illegible] چبوترہ جدید بنانے کی بنیاد قائم کی محمد شفیع عرائض نویس کی رپورٹ [illegible] سکرٹری کمیٹی کو تحقیقات کیلئے موقع پر بھیجا گیا تحقیقات سے معلوم ہوا کہ رحیم بخش پدھان نے چار خانہ خس پوش مسکونہ رمضانی و منگو [illegible] جو اونہیں کی ملکیت تھی اور اونپر کلیان چودھری بازار بذریعہ بیع [illegible] کلیان چودھری سے بقیمت [illegible] خرید کی تھی اور اون مکانات کے سامنے زمین سرکاری ہی تھی جسمیں زمانہ سابق میں گھر [illegible] پیلوان کے مردہ دفن ہوتے اور قبرستان ہی تھی رحیم بخش پدھان نے یہ سمجھکر کہ یہ زمین بھی [illegible]

تجویزات کمیٹی

بالاتفاق ممبران کمیٹی نے تجویز کیا کہ بجرم بلا اجازت کھچوانے احاطہ کے رحیم بخش پدھان پر پانچ روپیہ جرمانہ کئے جاویں اور پدھان مذکور نے جسقدر زمین احاطہ کے اندر لے لی ہے اسکی قیمت بعد چھوڑ دینے جانے ڈھائی گز اراضی صحن دروازہ مکانات کے بحساب چار آنہ گز وصول کر لیجاوے۔ صاحب صدر نشین نے بھی استمزاجاً باجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر ان کاغذات کے روانہ کرنیکا حکم نافذ فرمایا ہے۔

ایک احاطہ کھینچ لیا۔ اور اوس میں کو گھیر لیا اور ایک بڑا دروازہ لگا کر اوسکے روبرو دو چبوترے بنانیکی بنیاد ڈالی ہیں یہ کاغذات کمیٹی ہینا پیش کئے گئے۔

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۱۹ مئی ۱۹۲۳ء

(۲) نور محمد کا بیٹا باشندہ شاہ آباد نے سیوا رام و سوہن لال کی شکایت میں نسبت ایزادی کھپریل و چبوترہ عرضی گزرانی اور معروض کیا کہ ان دونوں شخصوں نے ایک دروازہ جدید بھی نکالا ہے سکریٹری کمیٹی کو بغرض تحقیقات موقع پر بھیجا گیا اور کاغذات تحقیقاتی کمیٹی میں پیش کئے گئے۔

بالاتفاق ممبران کمیٹی نے تجویز کیا۔ کہ واقعی کھپریل سیوا رام و سوہن لعل نے بڑہائی ہے اور رپورٹ صاحب سکریٹری سے بھی کھپریل بڑہی ہوئی پائی جاتی ہے پس جسقدر کھپریل بڑہائی گئی ہے وہ کٹوا دیجائے۔ اور چونکہ دروازہ اور چبوترے سے کوئی ہرج معلوم نہیں ہوتا۔ لہذا دروازہ اور چبوترہ بدستور قائم رہے۔ صاحب صدر نشین کمیٹی نے حکم دیا کہ کاغذات کا باجلاس نواب بجو دیشنل ممبر بہادر بغرض منظوری نافذ فرمایا۔

بوقت پیشی کاغذات متعلقہ حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۱۹ مئی ۱۹۲۳ء

(۳) موضع گنگاپور میں ایک مسجد قدیمی اب منہدم ہوگئی ہے اور خراب حالت میں ہے۔ چاہ متعلق مسجد کا پانی بھی بوجہ پرانا ہونے کے خراب ہوگیا ہے پٹواری دیہہ کے عرضی سے واضح ہوا کہ مسجد کی کچھ زمین بھی شیخ فجو باشندہ گنگاپور کے پاس رکھی ہوئی ہیں منتظم درستی مسجد ہونا چاہیئے۔

بالاتفاق ممبران کمیٹی نے تجویز کیا کہ یہ مسجد بذریعہ چندہ مسلمانان باشندگان دیہہ درست کرا دیجاوے۔ اور کنواں بھی چندہ سے صاف کرا دیا جاوے صاحب صدر نشین کمیٹی نے حکم دیا کہ یہ کاغذات بغرض منظوری باجلاس نواب بجو دیشنل ممبر بہادر روانہ کئے جاویں

بروقت پیشی کاغذات متعلقہ حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۱۹ مئی ۱۹۲۳ء

(۴) کنہی لعل لعل ساکن شاہ آباد نے ایک دروازہ جدید نکالا ہے۔ اور

بالاتفاق ممبران کمیٹی نے تجویز کیا کہ گرداوری جاوے ایک غریب آدمی ہے

گردھاری جیا نے اپنی گری ہوئی دیوار جو لب سڑک واقع ہے بلا اجازت
سرکار اٹھالی ہے بموجب رپورٹ محرر صفائی پرواسطے تحقیقات کی سکریٹری
کمیٹی کو موقع پر بھیجی گیا واضح ہوا کہ واقعی کمیٹی بعل نے برابر بنا برائم
اپنے قدیمی دروازہ کے متصل ایک دروازہ جدید نکالا ہے اور گردھاری
جیا نے بھی متصل بیشی خراب اپنی دیوار بلا اجازت سرکار اٹھالی ہے۔
یہ کاغذات بنابر تجویز کمیٹی میں پیش کئے گئے۔

لیکن چونکہ اس نے بلا اجازت سرکار دیوار اٹھائی ہے لہذا
اس پر … روپیہ جرمانہ کئے جاویں اور کمیٹی بعل بقال پر بعوض
نکالنے دروازہ جدید ایک روپیہ جرمانہ کیا جاوے اور دروازہ
بدستور قائم کیا جاوے الا اوسکو ہدایت کیجاوے کہ
وہ کوئی سیڑھی یا چبوترہ زیر دروازہ قائم نکرے صاحب
صدر نشین کمیٹی نے حکم دیا کہ کاغذات بنابر منظوری بلاحظہ
نواب جود سنگھ صاحب بہادر ارسال کئے جاویں۔

بروقت پیشی کاغذات متعلقہ حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۱۹ مئی ۱۸۹۲ء

(۲) معروضی رحیم بخش نورباف باستجازت برداشتگی دیوار افتادہ
ایام برسات معائنہ کردہ صاحب سکریٹری کمیٹی میں پیش ہوئی۔

چونکہ صاحب سکریٹری کمیٹی کی رپورٹ سے واضح ہے کہ دیوار کے
بنا لینے سے کسیکا کوئی ہرج نہیں ہے لہذا رحیم بخش کو دیوار
اوٹھانے کی اجازت دیجاوے۔ صاحب صدر نشین کمیٹی
نے بھی تجویز ممبران کمیٹی سے اتفاق کیا۔

ملاحظہ شد ۱۹ - مئی ۱۸۹۲ء

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست …

مطبوعہ ۲۶ جون سنہ ۱۹۲۲ء

نقشہ پیدائش و اموات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۳ مئی لغایت ۱۹ جون سنہ ۱۹۲۲ عیسوی

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہندو	عورت مسلمان	عورت ہندو	[illegible]	[illegible]	[illegible]	تفصیل اموات												تفصیل امراض			
حضور تحصیل	۱۳	۲	۱۶	۲	۴۴	۳۰	۳	۱۵	۷	۴	۲	۱۰	۲	۳۸	۱۱	۲۱	۱	۱	۱۲	۰	۲۹	۲۹	۰
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
شاہ آباد	۳	۱۲	۲	۱۳	۳۰	۵	۲۵	۷	۶	۱	۳	۵	۲	۱۳	۱۱	۲	۲۰	۰	۰	۱۰	۱۴	۲۴	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
سوار	۱۰	۴	۸	۲	۳	۱	۶	۱۵	۳	۱	۰	۶	۶	۲۴	۸	۱۹	۱۱	۳	۵	۲۰	۰	۳۰	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۲	۲	۳	۳	۵	۴	۴	۴	۰	۰	۴	۹	۰
میزان	۲۰	۱۸	۲۶	۱۶	۹۹	۵۳	۳۲	۱۹	۱۴	۵	۷	۳۰	۱۳	۷۶	۳۵	۴۸	۴۳	۱۵	۱۹	۳۰	۴۶	۱۱۹	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۳ مئی لغایت ۱۹ جون سنہ ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
نخود دال	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
نخود [illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
ماش	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
موٹھ	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	۰	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
جنی	۰	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
لوبی	۰	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
عدس	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
ارہر	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
روغن [illegible]	۰	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	
نمک [illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
نمک [illegible]	۰	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
قند سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	

حسب الحکم صاحب پریذیڈنٹ بہادر

اشتہار قابل نیلام راسان کانجی ہوس [illegible]

نمبر شمار	[illegible]	قسم مویشی	رنگ	عمر	قد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نام گرفتار کنندہ مع ولدیت و سکونت	تاریخ گرفتاری و مقام و وقت	تاریخ نیلام	کیفیت
۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible] ۲ بجے شام	[illegible] جون ۱۹۲۲ء	[illegible]

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور